Zakat Ke Masaail

Musannif

Muhammad Iqbal Kilani

Roman Translitration by

Rehan Syed Barey

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

Fehrist

Translitrators Note:.....4

Arz-e-Muallif 7

An-Niyyatu ‘اَلنِّيَّةُ’ Niyyat Ke Masaail 29

Farziyya-tuz-Zakaati ‘فَرْضِيَّةُ الزَّكَاةِ’ Zakat Ki Farziyyat.....29

Fazl az-Zakaati ‘فَضْلُ الزَّكَاةِ’ Zakat Ki Fazilat.....31

Ahamiyyatu az-Zakaati ‘اَهَمِيَّةُ الزَّكَاةِ’ Zakat Ki Ahmiyyat 32

Az-Zakaatu Fee Zau-il-Quran ‘اَلزَّكَاةُ فِىْ ضَوْءِ الْقُرآنِ’ Zakat, Quran-e-majeed Ki Raushni Mein 38

Al-Ashiyaaullati Tajibu Alaiha az-Zakatu ‘اَلْاَشْيَاءُ الَّتِىْ تَجِبُ عَلَيْهَا الزَّكَاةُ’ Wo Ashiya Jin Par Zakat Waajib Hai.....50

Masaarifu az-Zakaati ‘مَصَارِفُ الزَّكَاةِ’ Zakat Ke Masaarif.....62

Malla Tahillu Lahu az-Zakaatu ‘مَنْ لَّا تَحِلُّ لَهُ الزَّكَاةُ’ Zakat Ke Ghair-mustahiq Log 69

Zammul Mas-alati ‘ذَمُّ الْمَسْئَلَةِ’ Sawaal Karne Ki Mazammat 71

Sadaqatul Fitri ‘صَدَقَةُ الْفِطْرِ’ Sadqa-e-Fitr Ke Masaail 73

Sadaqatatit Tatawwo’ ‘صَدَقَةِ التَّطَوُّعِ’ Nafli Sadqa.....75

Masaailun Mutafarriqatun ‘مَسَائِلٌ مُتَفَرِّقَةٌ’ Mutafarriq Masaail 81

Al-Ahadeesu az-Zaeefatu wal Mauzuatu ‘اَلْاَحَادِيْثُ الضَّعِيْفَةُ وَالْمَوْضُوْعَةُ فِىْ الصَّوْمِ’ Zaeef Aur Mauzoo Ahadees.....86

Mukhtasar Istilahaat-e-Hadees.....87

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

Translitrators Note:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْصَّلَاةُ وَالْسَّلَامُ عَلىٰ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَعلىٰ آلِهِ وَصَحْبِهِ وَمَنْ تَبِعَهُمْ بِاِحْسَانٍ اِلىٰ يَوْمِ الْدِّيْنِ. اَمَّا بَعْدُ:

Jo nizam-e-zakat ko qaayam karte hain Allah Rabbul Izzat ne Quran-e-majeed mein unke bade darajaat bayan farmae hain:

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٧﴾

Beshak Jo Log Imaan Laae Aur Unho’n Ne Nek Amal Kiye Aur Namaz Qaayam Ki Aur Wo Zakat Adaa Karte Rahe, Unke Liye Unke Rabb Ke Paas Ajr Hai, Na Un Par Koi Khauf Hoga Aur Na Wo Ghamgeen Honge. (Surah al-Baqara: 277)

Zakat Na dene waalo’n ke mutaalliq Allah Rabbul Aalameen ne farmaya:

لَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَيْرًا لَّهُمْ ۭ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ۭ سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ.

Aur Jin Logo’n Ko Allah Ne Apne Fazl Se Bahut Kuch Diya Hai Wo Us Mein Kanjoosi Karte Hain To Wo Us (bukhl) Ko Apne Liye Hargiz Behtar Na Samjhe’n, Balke Wo Unke Liye Bahut Bura Hai. Jis Maal Mein Unho’n Ne Kanjoosi Ki, Qiyamat Ke Din Usi Ke Unhe’n Tauq Pehnaae Jaaenge Aur Aasmaano Aur Zameen Ki Milkiyyat Allah Hi Ki Hai Aur Tum Jo Kuch Karte Ho Allah Usse Khoob Baa-khabar Hai. (Surah Aale Imran: 180)

Is aayat ki tafseer karte hue Hafiz Salahuddin Yusuf رحمه الله farmate hain: “Is mein zakat na dene waalo’n ke liye waeed hai. Hadees mein hai: *‘Jis shakhs ko Allah Ta'ala maal ataa farmae aur wo uski zakat adaa nakare to qiyamat ke din uska maal ek (1) ganje saanp, jiski aankho’n par do (2) kaale nuqte honge, ki shakl ban kar uske gale ka tauq ho jaaega aur uski dono baache’n pakad kar kahega: (Mujh ko nahi pehchaanta) Main tera maal hoo’n main tera khazaana hoo’n, phir Aap* ﷺ *ne yehi aayat padhi’.”*. (Sahih Bukhari: Baab 14 H4565) (In dono aayaat ka tarjuma aur tafseer Ahsan ul Kalam, Darussalam Edition se li gai hain)

Maulana Abul Kalam Azad رحمۃ اللہ علیہ ne farmaya: "*Duniya mein koi deen nahi, jis ne mohtaajo'n ki iaanat*[1] *aur abna-e-jins*[2] *ki khidmat ki talqeen na ki ho aur use ibaadat ya ibaadaat ka laazmi juzv na qaraar de diya ho, lekin ye khusoosiyat sirf islam hi ki hai ke wo sirf usi par qaane*[3] *nahi hua balke har mustatee*[4] *musalman par ek (1) khaas tax muqarrar kar diya hai jo use apni tamaam aamdani ka hisaab karke saal ba saal adaa karna chaahiye, aur phir use is darja ehmiyat di ke aamaal mein namaz ke baad isi ka darja hua hai aur Quran ne har jagah dono amalo'n ka ek-saath zikr karke ye baat waazeh kardi ke kisi jamat ki islami zindagi ki sabse pehli shanaakht yehi do (2) amal hain: Namaz aur Zakat*". (Haqiqat-e-Zakat az Maulana Abul Kalam Azad رحمۃ اللہ علیہ)

Muhammad Iqbal Kilani (hafizahullah) ne is kitab mein zakat ke mauzu se mutaalliq taqriban sabhi masaail ko ekattha kar diya hai aur in sha Allah is kitab ke padhne ke baad zakat ko lekar aapke zehen mein maujood shukook-o-shubhaat door honge.

Is roman edition mein Qurani aayaat ko https://quranwbw.com/ se liya gaya hai, aur ahadees ke arbi matan ko urdu pdf ke mutaabiq word by word check karke shaamil kiya gaya hai. Aise mushkil alfaaz jo aam bol-chaal mein kam istemaal hote hain unhe'n identify karke usi page ke footnotes section mein "T:" ke izaafa ke saath shaamil kiya gaya hai. [RKT] yaane Rekhta website, [FL] yaane Feroz ul Lughaat.

Double-check karne ke bawujood bashari taqaze ki wajah se agar kaheen ghalati nazar aajaae ya is roman transliteration ke mutaalliq koi mashwara ho to neeche maujood email par contact keejiye. rehan.hse@live.com

Isi tarah mazeed roman script mein islami kutub free mein download karne ke liye neeche maujood link par click keejiye.

https://archive.org/details/@rehan_syed_barey

---

[1] T: (اِعانَت) Madad, imdaad [RKT]
[2] T: (اَبْنائِ جِنْس) Bani aadam, mankind [RKT]
[3] T: (قانع) Qanaa-at karne waala, jo mil jaae us par raazi rehne waala [FL]
[4] T: (مُسْتَطِيع) Istitaa-at ya quwwat rakhne waala, jis mein sakat ho, saahib-e-qudrat, capable, powerful [RKT]

Aapse adaban guzaarish hai ke is kitaab ko padhne ke baad doosro’n ke saath sawaab-e-jaariya ki niyyat se zaroor share keejiye. Allah meri is koshish ko meri aur logon ki islaah aur ukhrawi kaamyaabi ka zariya banaae aur qubool farmaae. Aameen

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّنَا مُحَمَّد وَاٰلِهِ وَصَحْبِهِ وَسَلَّم.

Duaao’n ka taalib,

Rehan Syed Barey

Riyadh, Saudi Arabia
March 12, 2025 - 12 Ramzan 1446

Arz-e-Muallif

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْصَّلَاةُ وَالْسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ، اَمَّا بَعْدُ!

Namaz ke baad ‘zakat’ deen-e-islaam ka intihaai ahem rukn hai. Quran-e-Majeed mein bayaasi (82) martaba iska taakeedi-hukm[1] aaya hai. Zakat na sirf ummat-e-muhammadiya ﷺ par farz hai, balke isse pehle bhi tamaam ummato’n par zakat farz thi. Quran-e-Majeed mein Allah Ta'ala ne zakat adaa karne waalo’n ko ‘Sacche Momin’ qaraar diya hai.

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا

Wo Log Jo Namaz Qaayam Karte Hain Aur Jo Kuch Ham Ne Unhe’n Diya Hai Usse Kharch Karte Hain Wohi Sacche Momin Hain. (Surah al-Anfaal: 3-4)

Surah al-Baqara mein Allah Ta'ala farmate hain ke zakat adaa karne waale log qiyamat ke din har qism ke khauf aur gham se mehfooz honge.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

Jo Log Imaan Le Aae’n Aur Nek Amal Kare’n, Namaz Qaayam Kare’n Aur Zakat De’n Unka Ajr Be-shak Unke Rabb Ke Paas Hai, Aur Unke Liye Kisi Khauf Aur Ranj Ka Mauqa Nahi. (Surah al-Baqara: 277)

Adaaigi-e-zakat gunaaho’n ka kaffaara aur bulandi-e-darajaat ka bahut bada zariya hai. Allah Kareem ne Rasool Allah ﷺ ko hukm diya hai:

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا.

Aye Nabi ﷺ! Tum Unke Amwaal Se Zakat Lo Taake Unko Gunaaho’n Se Paak Karo Aur Unke (darajaat) Buland Karo. (Surah at-Tauba: 103)

Zakat adaa karne se na sirf gunaah maaf hote hain, balke Allah Ta'ala ne aise maal mein izaafa karne ka waada bhi kar rakha hai. Surah ar-Room mein Allah Paak irshad farmate hain:

---

[1] T: (تاکیدی حکم) Aisa hukm ya qanoon jo khaas taur par zor de kar diya gaya ho, jis par amal karna laazmi ho [RSB]

وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَاْ فِيْٓ اَمْوَالِ النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿٣٩﴾

Aur jo zakat tum Allah Ta'ala ki khushnoodi haasil karne ke liye dete ho, usse dene waale hi apne maal mein izaafa karte hain. (Surah ar-Room: 39)

Lafz-e-‘zakat’ ka lughwi mafhoom pakeezgi aur izaafa hai, jisse ye baat waazeh ho jaati hai ke pehle mafhoom ke mutaabiq is ibaadat se insaan ka maal halaal aur paak banta hai aur nafs bhi tamaam gunaaho’n aur buraaiyo’n se paak ho jaata hai. Doosre mafhoom ke mutaabiq zakat adaa karne se na sirf maal mein izaafa hota hai, balke ajr-o-sawaab mein bhi izaafa hota hai.

Adaaigi-e-zakat ke un fawaaid ke saath-saath ek (1) nazar zakat adaa na karne ke nuqsanaat par bhi daalni zaroori hai. Allah Ta'ala ne Surah Haa Meem Sajda mein zakat adaa na karne ko kufr aur shirk ki alaamat qaraar diya hai.

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِيْنَ ﴿٦﴾ الَّذِيْنَ لَا يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿٧﴾

Tabaahi Hai Un Mushriko’n Ke Liye Jo Zakat Adaa Nahi Karte Aur Aakhirat Ka Inkaar Karte Hain. (Surah Haa Meem Sajda (Fussilat): 6-7)

Rasool-e-Akram ﷺ ka irshad-e-mubaarak hai ke: “*Zakat adaa na karne waalo’n ka maal-o-daulat tabaah-o-barbaad ho jaata hai*”. (Tabarani)

Ek (1) doosri hadees mein Aap ﷺ ne farmaya ke: “*Zakat adaa na karne waale log qahat-saali mein mubtala kar diye jaate hain*”. (Tabarani)

Duniya mein is tabaahi aur barbaadi ke alaawa aakhirat mein aise logo’n ko jo saza di jaaegi uske baare mein Surah at-Tauba mein Allah Ta'ala irshad farmate hain:

وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٣٤﴾ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ۭ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ﴿٣٥﴾

Dardnaak Azaab Ki Khushkhabri Sunaado Un Logo’n Ko Jo Sona Aur

Chaandi Jama Karte Hain Lekin Allah Ta'ala Ki Raah Mein Kharch Nahi Karte Ek (1) Din Aaega Ke Usi Sone Chaandi Par Jahannam Ki Aag Dehkaai Jaaegi Aur Phir Usse Un Logo'n Ki Peshaniyo'n Pehluo'n Aur Peetho'n Ko Daagha Jaaega (aur kaha jaaega) Ye Wo Khazana Hai Jise Tum Apne Liye Sambhaal-sambhaal Kar Rakhte The, Ab Apne Khazane Ka Maza Chakho. (Surah at-Tauba: 103)

Rasool-e-Akram ﷺ ka irshad-e-mubaarak hai ke: "*Qiyamat ke roz zakat adaa na karne waalo'n ka maal-o-daulat ganja saanp (yaane intihaai zehrila) bana kar un par musallat kar diya jaaega, jo unhe'n musalsal dasta rahega aur kahega* 'اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ' *'main tera maal hoo'n, main tera kahzana hoo'n'.*". (Sahih Bukhari)

Jin jaanwaro'n ki zakat adaa na ki jaae unke baare mein Aap ﷺ ne irshad farmaya hai ke: "*Wo jaanwar apne maaliko'n ko qiyamat ke din musalsal pachaas-hazaar (50,000) saal tak apne seengo'n se maarte rahenge aur paao'n tale raundhte rahenge*". (Sahih Muslim)

Meraj ki raat Rasool-e-Akram ﷺ ne kuch aise log dekhe jin ke aage peeche dhajjiyaa'n latak rahi thee'n aur wo jaanwaro'n ki tarah thoo-har[1] kaante aura ag ke paththar kha rahe the. Aap ﷺ ne daryaaft farmaya: "*Ye kaun log hain*". Hazrat Jibraeel عليه السلام ne bataya: "*Ye wo log hain jo apne maalo'n ki zakat adaa nahi karte the*". (Musnad Bazzaar)

Ye baat yaad rahe ke aakhirat mein jis saza ka tazkira mazkoora-baala aayaat aur ahadees mein kiya gaya hai ye kuffaar ke liye nahi, balke un 'musalmano' ke liye hai jo kalma-e-shahaadat ka iqraar karne aur namaz, roza adaa karne ke bawujood zakat adaa nahi karte.

Rasool Allah ﷺ ka irshad-e-mubaarak hai ke: "*Zakat adaa karo, taake tumhara islam mukammal ho jaae*". (Musnad Bazzaar)

Jiska saaf matlab ye hai ke adaaigi-e-zakat ke baghaer islam na-mukammal hai, yehi wajah hai ke Rasool-e-Akram ﷺ ki wafat ke baad Hazrat Abu Bakr Siddiq رضي الله عنه ki khilafat mein jab baaz logo'n ne zakat dene

---

[1] T: "تُھوہَر", "تُھوہَرَ" Ek jungle kaanto'n waala pauda jiski bohot si aqsaam hain jo kadwa aur zehreela hota hai [RKT]

se inkaar kiya to Hazrat Abu Bakr Siddiq ﷺ ne unke khilaaf usi tarah jung ki jis tarah kuffaar ke khilaaf ki jaati hai, halaanke wo log kalma-e-tauheed ka iqraar karte the, namaz aur zakat adaa na karne waalo'n ke khilaaf jung karne waalo'n mein saare ke saare Sahaba Kiraam ﷺ poore sharah-e-sadr[1] ke saath shaamil the, isse maaloom hua ke wo aadmi jo zakat adaa nahi kar raha uska imaan uski namaz aur uska roza waghaera sab bekaar aur abas hain.

Quran-e-Majeed ki aayaat aur ahadees ki raushni mein ye andaaza lagana mushkil nahi ke islam ke rukn zakat par imaan rakhna aura mal karna kitna ahem aur zaroori hai. Neez isse ye bhi pataa chalta hai ke jab zakat islam ki takmeel, gunaaho'n ke kaffaare, tazkiya-e-nafs, raza-e-Ilaahi aur taqarrub-e-Ilallah ka zariya hai to ye ba-zaat-e-khud ek (1) matloob aur maqsood[2] ibaadat hai, na ke kisi doosri ibaadat ke husool ka zariya.

Arfa-o-Aala Aqdaar[3] Ki Aabyaari:

Khaliq-e-kaainaat ne Quran-e-Majeed mein insan ki jin kamzoriyo'n ki nishandahi farmaai hai un mein se ek (1) maal ki mohabbat hai, kahee'n Allah Paak ne is haqiqat ka izhaar you'n farmaya hai:

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝٨

Insan Daulat Ki Mohabbat Mein Buri Tarah Mubtala Hai. (Surah al-Aadiyat: 8)

Kahee'n farmaya:

وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ۝٢٠

Tum Log Maal Ki Mohabbat Mein Buri Tarah Giraftaar Ho. (Surah al-Fajr: 20)

Kahee'n irshad-e-Mubarak hai:

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ

[1] T: (شَرْحِ صَدْر) Shak-o-shuba se door hona [RKT]
[2] T: (مَقصُود) Matlab, maqsad, gharz, mansha [RKT]
[3] T: (اَقْدار) Qadr-o-qeemat, paemaane [RKT]

Tumhare Maal Aur Tumhari Aulaad (tumhare liye) Aazmaaish Hain. (Surah at-Taghabun: 15)

Rasool-e-Akram ﷺ ne ek (1) hadees mein ye baat irshad farmaai hai: "*Har ummat ke liye ek (1) (khaas) aazmaaish hai aur meri ummat ki aazmaaish maal mein hai*". (Tirmizi)

Surah Noon mein Allah Ta'ala ne ek (1) bada sabaq-aamoz[1] waaqia qissa bayan farma raha hai. Ek (1) shakhs bada nek aur sakhi tha uske paas ek (1) baagh tha wo baagh ki paedawaar use apne ghar aur kheti-baadi ke akhrajaat nikaal kar baaqi paedawaar Allah ki raah mein kharch kar diya karta tha. Allah ne uske maal mein badi barkat daal rakhi thi. Wo aadmi faut hua to uski aulaad ne baaham mashwara kiya ke hamara baap to bewaqoof tha itni ziyaada raqm gharibo'n aur miskeeno'n mein muft taqseem kar diya karta tha. Aainda agar ham ye saara maal-o-daulat apne paas hi rakhe'n to bahut jald daulatmand ban jaaenge.

Chunache jab phal waghaera pak gaya aur fasl kaatne ka mauqa aaya to unho'n ne raat ke waqt aapas mein qasme'n khaae'n ke ham subh andhere-andhere baagh mein pohonch jaaenge aur kisi doosre ko khabar tak nahi hone denge taake koi saail aur mohtaaj aane na paae. Hasb-e-program wo sab pichli raat ghar se chupke-chupke nikle. Jab waha'n pohonche to dekh kar hairaan-o-shashdar[2] reh gae ke lehlahata hua, sar-sabz-o-shadaab phala-phoola baagh jal kar khakistar ho chuka hai. Pehle to ye samajhe ke shayad ham raasta bhool gae hain, lekin jab hosh-o-hawaas bahaal hue to yaqeen aagaya ke ye baagh hamara hi tha. Tab apne jurm ka ehsaas hua aur ek-doosre ko malaamat karne lage aur in alfaaz mein eteraaf-e-gunaah kiya:

قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿٣١﴾

Kehne Lage, Haae Afsos Ham Waaqai Sarkash The. (Surah Noon: 31)

Allah Ta'ala ne is saare waaqia par intihaai mukhtasar alfaaz mein rongte khade kar dene waala tabsara farmaya hai. Irshad-e-Baari Ta'ala hai:

---

[1] T: (سَبَق آموز) Taaleem dene ya sabaq dene waala, nasihat karne waala, nasihat ya ibrat haasil karne waala [RKT]

[2] T: (شَشْدَر) Hairaan-o-pareshaan, amazed [RKT]

كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝۳۳

Isi Tarah Hai Azaab (duniya ka) Aur Aakhirat Ka Azaab To (us mein) Bahut Hi Bura Hai, Kaash Ye Log Jaante Hote. (Surah Noon: 33)

Quran-e-Majeed ke is waaqia se ye andaza lagana mushkil nahi ke daulat insaan ke liye kitni badi aazmaaish hai. Surah Noon ke be-shumaar kirdaar aaj bhi ham apne gird-o-pesh[1] ba-aasaani dekh sakte hain. Jo mahez daulat ki hirs mein deen-o-imaan hi nahi, apni duniya bhi barbaad kiye baethe hain.

Maal ki yehi mohabbat insaan ke andar bukhl, hirs, laalach, khud-gharzi, aur sang-dili jaise akhlaaq-e-razila[2] paeda karke use jhoot, dhoka, fareb, zulm-o-jor, ghasb, haq-talfi, aur loot-khasoot jaese gunaaho'n mein mubtala kar deti hai, jo na sirf is duniya mein fitna-o-fasaad ka baais bante hain balke insaan ki aakhirat tak ko barbaad kar daalte hain.

Zakat ko farz ibaadat ka darja de kar Allah Ta'ala insaan ke andar maal ki mohabbat kam se kam karke aala-o-arfa[3] insaani aqdaar masalan eesaar-o-qurbani, ehsaan, jood-o-Sakha, hamdardi, gham-khwaari, khair-khwaahi, narm-dili, mohabbat aur akhuwwat waghaera ki aabyaari karna chaahta hai.

Chunache ham dekhte hain ke awwaleen islami muaashara mein mazkoora-baala tamaam aqdaar ki misaale'n is kasrat se milti hain goya tamaam ke tamaam Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم mukammal taur par unhi aala-o-arfa aqdaar ke saanche mein dhale hue the. Jung-e-yarmook ke mauqa par chand Sahaba Kiraam رضی اللہ عنہم shadeed garmi mein zakhmo'n se choor maedaan-e-jung mein shiddat-e-pyaas se tadap rahe the ke itne mein ek (1) musalman paani lekar aaya aur majrooh[4] mujahideen ke saamne pesh kiya. Pehle ne kaha doosre ko pilaao, doosre ne kaha teesre ko pilaao. Wo abhi teesre tak pohoncha nahi tha ke pehla[5] shaheed ho gaya. Tab doosre ki taraf palta to dekha ke wo bhi pyaasa apne Maalik

---

[1] T: (گِرْد و پیش) Atraaf mein, ird-gird, chaaro'n taraf [RKT]
[2] T: Buri khaslate'n, aadate'n, akhlaaq aur behayaai [RSB]
[3] T: (اَرْفَع) (Darje, martabe, ya haisiyat waghaira mein) bar-tar, baala-tar, buland [RKT]
[4] T: (مَجرُوح) Zakhmi, ghayal, chot khaaya hua [FL]
[5] T: Yahan teesra hona chaahiye tha, par ghalati se pehla likha gaya hai [RSB]

ke huzoor pohonch chuka hai aur jab teesre[1] ke paas aaya to wo bhi usi haalat mein Allah ko pyaara ho chuka tha. (ba-hawaala Ibne Kaseer)

Bukhari-o-Muslim ka riwayat-karda darj-e-zel waaqia insaani taareekh mein isaar-o-qurbani ke hawaale se apni tarz ka munfarid waaqia hai: Ek (1) shakhs Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein haazir hua aur arz kiya: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Main sakht bhooka hoo'n khana khilaaiye*". Rasool Allah ﷺ ne baari-baari apne tamaam gharo'n mein aadmi bheja, har ghar se yehi jawaab mila ke aaj to hamare apne liye bhi kuch nahi. Phir Aap ﷺ ne logo'n se poocha: "*Kaun shakhs aaj ki raat is aadmi ko apna mehmaan banata hai*". Hazrat Abu Talha رضي الله عنه uthe aur arz kiya: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Main inhe'n apna mehmaan banata hoo'n*". Chunache unhe'n apne ghar le gae, jaakar biwi ko bataya ke: "*Ye Rasool Allah ﷺ ke mehmaan hain, lihaaza hame'n khud khane ko mile ya na*[2] *unhe'n zaroor dena hai*".

Ahliya ne kaha: "*Ghar mein baccho'n ke khan eke liye kuch tukde rakhe hain aur to kuch nahi*". Hazrat Abu Talha رضي الله عنه ne farmaya: "*Baccho'n ko kisi na kisi tarah behla kar sula do (2) aur ham dono jab khana khaane baethenge to tum kisi bahane chiraagh bujha dena main waese hi paas baetha rahunga aur mehmaan saer ho kar khana kha lega*". Dono ne aisa hi kiya, subh jab Hazrat Abu Talha رضي الله عنه baargaah-e-risaalat mein haazir hue to Aap ﷺ ne farmaya: "*Ke tum dono miya-biwi kea mal se Allah Ta'ala khush hue hain aur hanse hain*". Aur ye aayat naazil farmaai:

وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۚ

Aur Khud Haajatmand Hone Ke Bawujood Doosro'n Ko Apni Zaat Par Tarjeeh Dete Hain. (Surah al-Hashr: 9)

Mustadrak Haakim mein diya gaya ye waaqia bhi qaabil-e-zikr hai ke ek (1) sahabi ko kisi ne bakri ki siri tohfa bhijwaai. Unho'n ne ye soch kar ke falaa'n shakhs mujh se ziyaada haajatmand hai uske yaha'n bhej di. Usne yehi soch kar teesre aadmi ke paas bhej di. Isi tarah saat (7) gharo'n ka chakkar lagaane ke baad wo siri pehle sahabi ke ghar pohonch gai.

---

[1] T: Yahan pehla hona chaahiye tha, par ghalati se teesra likha gaya hai [RSB]

[2] T: yahan 'na' ke mile hona chaahiye tha: "Hame'n khane ko mile ya na mile" [RSB]

Daur-e-awwal ke islami muaashara mein hamdardi-o-khair-khwaahi aur qurbani-o-isaar ki ye aur aisi hi be-shumaar doosri misaale'n dar-asl fitri natija thee'n infaaq-fee-sabeelillah[1] ke ahkaam ka. Sahaba Kiraam ﷺ ka ahd-e-mubaarak bila-shubha imaan aura man dono ke etebaar se khair ul quroon (behtar zamana) hai, lekin uske baad bhi musalmano ka muaashara Sahaba Kiraam ﷺ ki un qaayam-karda zinda-javed riwayaat se kabhi yaksar mehroom nahi raha.

Ek (1) Qadam Aur Aage:

Saahib-e-nisaab musalman ke maal mein zakat wo kam se kam miqdaar hai jise har saal adaa kiye baghaer koi shakhs musalman nahi reh sakta, lekin islami muaashare mein mohtaajo'n, miskeeno'n, yateemo'n, bewaao'n, aur maazooro'n ke dukh-dard mein shirkat ke liye neez aasmaani aafaat masalan zalzala, sailaab aur qahat waghaera ke mauqa par apne musibat-zada bhaiyyo'n ki madad ke liye islam mein infaaq-fee-sabeelillah ka meyaar zakat se kahee'n aage hai. Chunache Quran-o-Hadees mein badi kasrat se nafli sadqaat aur khairaat ki targheeb dilaai gai hai. Quran-e-Majeed ki chand aayaat mulaahaza ho'n:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾

Jo Log Apne Maal Allah Ta'ala Ki Raah Mein Kharch Karte Hain Unke Kharch Ki Misaal Aisi Hai Jaise Ek (1) Daana Boya Jaae, Usse Saat (7) Baale'n[2] Niklee'n Aur Har Baali Mein Sau (100) Daane Ho'n. Allah Ta'ala Jis (ke amal) Ka Ajr Chaahta Hai (uski niyyat ke mutaabiq jitna chaahta hai) Badha Deta Hai. Allah Badi Wusat Waala Aur Ilm Waala Hai. (Surah al-Baqara: 261)

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿١٧﴾

Agar Tum Log Allah Ta'ala Ko Qarz-e-Hasanah Do (2) To Wo Tumhe'n Kai Guna Badha Kar Dega Aur Tumhare Gunaho'n Se Dar-guzar Farmaega, Allah Ta'ala Bada Qadr-Daan Aur Hausle Waala Hai. (Surah at-Tagaabun: 17)

---

[1] T: Allah ki raah mein rupiya, paisa kharch karna [RSB]

[2] T: Khoshe [RSB]

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَیْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِیْمٌ ﴿۹۲﴾

Tum Log Us Waqt Tak Neki (ke meyaar-e-matloob) Ko Nahi Pohonch Sakte Jab Tak Apni Wo Cheeze'n Allah Ta'ala Ki Raah Mein Kharch Na Kardo Jinhe'n Tum Mehboob Rakhte Ho. (Surah Aale Imran: 92)

مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا فَیُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَلَهٗۤ اَجْرٌ كَرِیْمٌ ﴿۱۱﴾

Kaun Hai Jo Allah Ta'ala Ko Qarz De? Behtareen Qarz Taake Allah Ta'ala Use Kai Guna Badha Kar Waapas Kare Aur Uske Liye Behtareen Ajr Hai. (Surah al-Hadeed: 11)

Sadqa-o-khairaat ki targheeb mein chand ahadees-e-mubaaraka mulahaza ho'n:

① Sadqa Allah Ta'ala ke ghusse ko bujhata hai, aur buri maut se bachata hai. (Musnad Ahmad)

② Qiyamat ke din sadqa momin par saaya ban jaaega. (Musnad Ahmad)

③ Sadqa karne mein jaldi karo kyounke masaaib sadqa se aage nahi badh sakte. (Razeen)

④ Sadqa qiyamat ke din jahannam se dhaal hoga. (Tabarani)

⑤ Sadqa karne se maal mein kami nahi hoti. (Sahih Muslim)

⑥ Jo shakhs kisi nange musalman ko kapda pehnaaega, Allah Ta'ala use jannat ka sabz resham pehnaaega. Jo shakhs kisi bhooke musalman ko khana khilaaega, Allah Ta'ala use jannat ke mewe khilaaega. Jo shakhs kisi pyaase musalman ko paani pilaaega, Allah Ta'ala use jannat mein umda sharaab pilaaega. (Abu Dawood; Tirmizi)

⑦ Wo shakhs mujh par imaan nahi laaya jo raat pet bhar kar soya aur uska padosi bhooka raha, halaanke use is baat ki khabar thi. (Tabarani)

⑧ Main aur yateem … ristedaar ya ghair-ristedaar … ka sarparast jannat mein is tarah ek (1) saath honge (Aap ﷺ ne do (2) ungliyaa'n khadi karke ye baat irshad farmaai). (Sahih Muslim)

Rasool-e-Akram ﷺ ne infaaq-fee-sabeelillah ki zabaani targheeb ke alaawa ummat ke saamne aisi amali misaale'n pesh farmaaee'n jo Qurani aayaat aur ahadees-e-mubaaraka ki behtareen tarjumaa thee'n.

Ek (1) shakhs ne Rasool-e-Akram ﷺ ki khidmat mein haazir ho kar sawaal kiya Aap ﷺ ne farmaya: "*Baeth jaao, Allah Ta'ala dega*". Phir doosra aaya, phir teesra aaya. Rasool Allah ﷺ ne sab ko bitha liya, kyounke us waqt Aap ke paas dene ke liye kuch nahi tha. Itne mein ek (1) shakhs aaya aur usne chaar (4) uqiya[1] chaandi Rasool Allah ﷺ ki khidmat mein pesh ki. Aap ﷺ ne ek-ek (1-1) uqiya teeni sawaaliyo'n mein taqseem farma di aur phir poocha: "*Koi aur hai lene waala?*" Koi aur lene waala nahi tha, Raat hui to Rasool Allah ﷺ ko neend nahi aarahi thi, baar-baar pehlu badalte ya uth kar namaz padhne lagte.

Ummul Momineen Hazrat Ayesha رضي الله عنها ne poocha: "*Kya koi takleef hai?*" Farmaya: "*Nahi!*" Dobaara arz kiya: "*Koi hukm naazil hua hai? Jiski wajah se be-qaraari hai?*" Farmaya: "*Nahi!*" Ummul Momineen رضي الله عنها ne phir arz kiya: "*Aap ﷺ ko neend kyoun nahi aarahi?*" Tab Rasool Allah ﷺ ne wo ek (1) uqiya chaandi nikaal kar dikhaai aur farmaya: "*Ye hai wo cheez jisne mujhe be-qaraar kar rakha hai. Dar raha hoo'n ke ise kharch karne se qabl kahee'n maut na aajaae*". (Rahmatullil Aalameen)

Jung-e-Hunain ke mauqa par che-hazaar (6000) qaidi, chaubees-hazaar (24,000) oont, ek-hazaar (1000) bakriyaa'n, aur chaar-hazaar (4000) uqiya chaandi (125 kilogram) maal-e-ghanimat mein haasil hui. Nabi-e-Akram ﷺ ne saare ka saara maal-e-ghanimat taqseem farma diya. Khud ghar se jis khair-o-barkat ke saath tashreef laae the usi ke saath waapas tashreef le gae. (Rahmatullil Aalameen)

Ek (1) aadmi ne haazir ho kar sawaal kiya to Aap ﷺ ne irshad farmaya: "*Mere paas is waqt dene ke liye to kuch nahi, albatta mere naam se koi cheez khareedlo to main uska qarz adaa kar dunga*". Ye sun kar Hazrat Umar رضي الله عنه ne kaha: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Jiski Aap ﷺ ko taaqat nahi Allah Ta'ala ne Aap ﷺ ko uska mukallaf nahi thehraaya*". Rasool Allah ﷺ ko ye baat nagawaar mehsoos hui. Ek (1) ansaari ne arz kiya: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Aap kharch keejiye aur Allah Ta'ala ki taraf se faqr ka andesha mehsoos na keejiye*". Ye sun kar Aap ﷺ muskuraae aur farmaya: "*Mujhe isi baat ka hukm diya gaya hai*". (Tirmizi)

---

[1] T: (أُوقِيَه) Ek (1) arbi wazan jo aaj ke hisaab se ek (1) tola teen (3) maashe ke baraabar hota hai [RKT]

Rasool-e-Akram ﷺ ke is tarz-e-amal ki ittiba mein ahle baet aur Sahaba Kiraam ﷺ ne infaaq-fee-sabeelillah ki aisi-aisi naadir[1] misaale'n pesh kee'n ke mazaahib-e-aalam ki taareekh aisi misaale'n pesh karne se qaasir hai.

Ek (1) martaba Hazrat Abdullah bin Zubair ﷺ ne Hazrat Ayesha ﷺ ko ek-lakh (100,000) dirham bheje jo unho'n ne usi waqt ghareebo'n aur miskeeno'n mein taqseem kar diye. Us din aap roza se thee'n. Khaadima ne arz kiya: "*Agar iftaar ke liye kuch bacha letee'n to accha tha*". Hazrat Ayesha ﷺ ne jawab diya: "*Us waqt yaad dilatee'n to rakh leti*". (Mustadrak Haakim)

Surah al-Baqara ki aayat 'مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا'[2] naazil hui to ek (1) sahabi Hazrat Abu Dahdaah ﷺ (ابو دحاح) ne arz kiya: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Kya Allah Ta'ala ham se qarz talab farmata hai?*" Aap ﷺ ne irshad farmaya: "*Haa'n!*". Sahabi ne arz kiya: "*Apna haath deejiye*". Phir haath mein haath lekar kaha: "*Ya Rasool Allah ﷺ! Maine apna baagh jis mein che-sau (600) khajoor ke darakht hain Allah Ta'ala ko qarz diya*". Seedhe baagh aae aur biwi ko baagh se baahar hi khade ho kar aawaaz di: "*Baccho'n ko baahar lekar aajaao maine ye baagh raah-e-khuda mein de diya hai*". (Ibne Abi Haatim)

Hazrat Abu Bakr Siddiq ﷺ ke ahd mein ek (1) martaba qahat pada. Log Hazrat Abu Bakr Siddiq ﷺ ki khidmat mein haazir hue. Aap ﷺ ne farmaya: "*Kal tumhari mushkil door ho jaaegi*". Doosre roz alas-subh[3] Hazrat Usman ﷺ ke ek-hazaar (1000) oont ghalle se lade hue madina pohonche. Madina ke taajir Hazrat Usman ﷺ ke paas aae aur ghalla khareedna chaaha, taake bazaar mein becha jaa sake aur logo'n ki pareshani door ho. Hazrat Usman ﷺ ne kaha: "*Maine ye ghalla shaam se mangaya hai tum mujhe khareed par kitna nafa dete ho?*" Taajiro'n ne dus (10) ke baarah (12) pesh kiye.

Hazrat Usman ﷺ ne kaha: "*Mujhe isse ziyaada milte hain*".

---

[1] T: (نادِر) Thoda, qaleel, kam [RKT]
[2] T: Surah al-Baqara: 245 [RSB]
[3] T: (عَلَى الصُّبْح) Bohot savere, mu'n andhere, subh-saadiq ka waqt [RKT]

Taajiro'n ne dus (10) ke chaudah (14) pesh kiye. Aap ﷺ ne farmaya: "*Mujhe isse bhi ziyaada milte hain*". Unho'n ne poocha: "*Ham se ziyaada dene waala kaun hai? Madina ke taajir to ham hi hain*". Hazrat Usman ﷺ ne farmaya: "*Mujhe har dirham ke ewaz dus (10) dirham milte hain, kya tum usse ziyaada de sakte ho?*" Taajiro'n ne kaha: "*Nahi!*" Hazrat Usman ﷺ ne farmaya: "*Taajiro! Gawaah rehna mein ye tamaam ghalla madina ke mohtaajo'n par sadqa karta hoo'n*". (Izaalat al-Khafa an Khilafat al-Khulafa az Shah Waliullah Mohaddis Dehelwi ﷺ)

Surah Aale Imran ki aayat 'لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ'[1] sun kar Hazrat Abu Talha ﷺ ne apna behtareen baagh sadqa kar diya aur Hazrat Abdullah bin Umar ﷺ ne apni pasandida laundi Allah Ta'ala ki raah mein aazaad kardi. (Tafseer Ibne Kaseer)

Hazrat Abdur Rahman bin Auf ﷺ ne ek (1) martaba saat-sau (700) oont ba-ma'[2] ghalla sadqa kiye. (Abu Nuaim)

Hazrat Saeed bin Aamir ﷺ Hazrat Umar ﷺ ke ahd-e-khilaafat mein Homs (Shaam[3] ka sooba) ke governer the. Mahaana tankhwah milti to ghar waalo'n ke liye khaane peene ka samaan khareed kar baaqi raqm sadqa kar dete. (Abu Nuaim)

Infaaq fee sabeelillah ka ye hai wo meyaar[4] jis par islam apne paerukaaro'n ko dekhna chaahta hai. In sifaat ke haamil afraad se wo society aur muaashara wujood mein aata hai jis mein koi shakhs bhooka ya nanga nahi rehta. Koi musibat-zada ya pareshaan-haal shakhs be-sahaara nahi rehta, koi yateem ya bewa ehsaas-e-mehrumiyat ka shikaar nahi hoti. Isi muaashare ki kaifiyat Rasool Allah ﷺ ne in alfaaz mein bayan farmaai hai: "*Musalmano ki misaal baahami mohabbat-o-mawaddat[5] aur shafqat ke lihaaz se jism-e-waahid ki si hai, ke agar ek*

---

[1] T: Surah Aale Imran: 92 [RSB]
[2] T: (مَعْ) Saath, hamraah, samet, sang, ba-shamool [RKT]
[3] T: Mulk-e-Shaam [RSB]
[4] T: (معيار) Khoobi, kamaal, kasoti [RKT]
[5] T: (مَوَدَّت) Kisi ki azmat ke eteraaf ki bina par usse ikhlaas aur pyaar, pur-khuloos dosti, mukhlisaana aur be-gharz mohabbat [RKT]

(1) uzv[1] ko takleef hoti hai to saara jism bukhaar aur be-khwaabi ka shikaar ho jaata hai". (Bukhari-o-Muslim)

Zakat Ek (1) Misaali Muaashi-nizaam Ki Buniyaad:

Kam-o-besh do-sau (200) saal pehle 'hurriyat-e-fard' aur 'hurriyat-e-fikr'[2] jaise khoobsoorat alfaaz ke parde mein sarmaya-daraana andaaz-e-fikr ko duniya mein ek (1) nizaam ke taur par mutaaraf[3] karaya gaya jiski buniyaad is falsafa par thi ke har aadmi apni daulat ka mukammal maalik aur mukhtar hai, use jahan chaahe jaise chaahe istemaal kar sakta hai.

Society aur muaashare par uske asaraat khwaah kaise hi kyoun na ho'n, khwah usse uska apna akhlaaq aur kirdaar tabaah ho ya poore muaashare mein fahaashi aur be-hayaai phaele, sarmaya-daraana nizaam[4] isse koi taarruz[5] nahi karta. Isi tarah ziyaada se ziyaada daulat kamane ki hawas mein chand gharo'n ka sukoon aur chain barbaad ho ya poori ki poori qaum uski hawas-e-zar[6] ki bhent chadhe, sarmaya-daraana nizaam us par koi qanooni ya akhlaaqi paabandi aaid nahi karta.

Is be-rahem aur sang-dilaana shaitaani nizaam mein jahan akhlaaqi lihaaz se insaani iqdaar ki koi qadr-o-qeemat nahi wahan muaashi lihaaz se sarmaaya sirf sarmaya-daaro'n ke haatho'n mein hi gardish karta rehta hai, jabke be-sarmaya afraad qarzo'n aur sood-dar-sood ke bojh tale dabe chale jaate hain.

Duniya jab is nizaam ki fareb-kaariyo'n se aagaah hui to 'musawaat'[7] aur 'adl'[8] jaise dilkash alfaaz ke hawaale se duniya ko ek-

---

[1] T: (عُضْو) Badan ka koi hissa [RKT]
[2] T: Freedom of thought/expression, individual liberty/right. Ye concepts "Enlightenment Era" aur "Capitalism" ki taraf ishaara karte hain, jo 17 sadee ke aakhir mein shuru hua aur 18-19 sadi mein zor padka. [RSB]
[3] T: (مُتَعارَف کرانا) Pesh karna [RKT]
[4] T: Capitalism [RSB]
[5] T: (تَعَرُّض) Muzaahamat, rok-tok, dakhal dena, objection [RKT]
[6] T: (ہَوَسِ زَر) Daulat ki laalach, dhan ki laalach, rupiya paisa ka hirs [RKT]
[7] T: (مُساوات) Baraabari, hamsari, baraabar hona ya karna [RKT]
[8] T: (عَدْل) Insaaf, baraabari, darmiyaani raah ikhtiyaar karna [RKT]

doosre shaitani nizaam ‘ishtiraakiyat’[1] se mutaaraf karaya gaya, jiska buniyaadi falsafa ‘hurriyat-e-fard’ aur ‘hurriyat-e-fikr’ ki mukammal nafi thi. Hukumat tamaam wasaail, daulat, zameeno’n, karkhaano’n, factriyo’n, aur deegar amwaal waghaera ki maalik aur fard mukammal taur par mehroom afraad ki ek (1) lagi-bandhi ghulamaana zindagi ki zanjeero’n mein jakda hua aur hukumat ke chand afraad poori qaum ki taqdeer ke maalik-o-mukhtar!

Hakeem ul ummat Allama Iqbal رحمۃ اللہ علیہ ne ishtiraaki nizaam par kitna accha tabsara kiya hai:

Ye ilm, ye hikmat, ye tadbeer ye hukumat
Peete hain lahu dete hain taaleem-e-musawaat

Pehla nizaam zulm aur jabr ki ek (1) intiha tha aur doosra nizaam usi zulm aur jabr ki doosri intia saabit hua. Jis tarah duniya ek (1) sadee ke andar-andar sarmaya-daraana nizaam se mayoos ho gai, isi tarah duniya doosri sadee ke ikhtitaam se pehle hi ishtiraaki nizaam par laanat bhejne lagi. Is sadee ke maujooda ashra (1981-1990) ko agar ishtirakiyat ki muat ka ashra[2] qaraar diya jaae to shayad be-jaa na hoga. Jis mein na sirf ye ke ishtiraaki mumaalik ne ishtiraakiyat ka tauq gale se utaar phenka hai, balke khud ishtiraakiyat ke alambardaaro’n ke apne des ‘Roos’[3] mein bhi is zalimaana nizaam ke khilaaf alam-e-baghawat buland hone laga hai.

Tajarbe ne ye baat saabit kardi hai ke insaano ke liey insaano ke banaae hue nizaam aur qawaneen kabhi bhi raah-e-najaat nahi ban sakte.

Sarmayadaari aur ishtiraakiyat ke muqaable mein islami nizaam-e-maeeshat ki buniyaad is taaleem par hai. Ke is kaainaat aur kaainaat ki har cheez ka maalik sirf Allah Ta'ala hai, daulat aur wasaail-e-daulat ka haqiqi maalik bhi wohi hai. Quran-e-Majeed ne mukhtalif jagah par mukhtalif andaaz mein uski nishandahi farmaai hai.

---

[1] T: socialist system, socialism [RSB]
[2] T: (عَشْرہ) Dus saal ka majmooa [RKT]
[3] T: Russia [RSB]

Surah an-Noor mein irshad-e-mubaarak hai: ‘وَاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ’[1]

Aazaadi Ke Khwahishmand Ghulaamo’n Ko Us Maal Se Do (2) Jo Allah Ne Tumhe’n Diya. (Surah an-Noor: 33)

Surah al-Hadeed mein Allah Paak farmate hain:

وَاَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ.

Jis Maal Par Allah Ta'ala Ne Tumhe’n Khalifa Banaya Hai Us Mein Se Kharch Karo. (Surah al-Hadeed: 7)

Quran-e-Majeed mein pachaas se ziyaada aayaat aisi hain jin mein Allah Kareem ne kahee’n ‘رَزَقْنَاهُمْ’ aur kahee’n ‘رَزَقَهُمْ’ aur kahee’n ‘رَزَقْنَاكُمْ’ aur kahee’n ‘رَزَقَكُمْ’ keh kar logo’n ko rizq dene ki nisbat apni taraf ki hai, jisse insaan ko ye haqiqiat zehen-nasheen karwana maqsood hai ke ye maal-o-daulat jise insaan apni kam-ilmi aur jahaalat ki wajah se apni milkiyat samajhne lagta hai, dar-asal ye Allah ki milkiyat hai jo usne apne bando’n ko amaanat ke taur par de rakhi hai.

Lihaaza insaan is baat ka paaband haike jo daulat Allah Ta'ala ne use di hai use Allah Ta'ala hi ke hukm ke mutaabiq istemaal kare, chunache Allah Ta'ala ne dono muamalaat … daulat kamaane aur daulat kharch karne mein insaan ko had-o-quyood bata dee’n. Daulat kamaane ke muaamal mein Allah Ta'ala ne jin zaraae se haasil hone waali aamdani ko haraam qaraar diya hai wo ye hain:

① Rishwat-o-ghasb. (Surah al-Baqara: 188)

② Khiyaanat. (Surah Aale Imran: 61)

③ Buth-giri-o-buth-faroshi. (Surah al-Maaida: 90)

④ Chori. (Surah al-Maaida: 38)

⑤ Naap-tol mein kami. (Surah al-Mutaffifeen: 13)

⑥ Maal-e-yateem mein haq-talfi. (Surah al-Hadeed: 7)

---

[1] T: Surah an-Noor: 33

⑦ Ittifaaqiya aamdani waale tamaam zaraae masalan jooa waghaera. (Surah an-Nisa: 1)

⑧ Sharab ki taiyyaari, khareed-o-farokht aur naql-o-hamal ki aamdani. (Surah al-Maaida: 90)

⑨ Fahaashi aur be-hayaai phaelaane waale karobaar. (Surah an-Noor: 19)

⑩ Soodi karobaar. (Surah Aale Imran: 30)

⑪ Qohba-giri aur zina ki aamdani. (Surah an-Noor: 33)

⑫ Qismate'n bataane ka karobaar (Surah al-Maaida: 90).

⑬ Iske alaawa aise tamaam zaraae jo jhoot dhoke aur fareb par mabni ho'n islam ke nazdeek naajaaiz aur haraam hain.

Mazkoora-baala ahkamaat ke saath-saath ye baat bhi pesh-e-nazar rahe ke shariyat-e-islami ne ziyaada daulat kamaane ke laalach mein ghalla rokne ko sangeen jurm qaraar diya hai.

Ab ek (1) nazar daulat kharch karne ke ahkamaat par bhi daal leejiye jin-jin raasto'n par Allah Ta'ala ne kharch karne ka hukm diya ya targheeb dilaai hai wo ye hain:

① Waalidain, aziz-o-aqaarib, yateemo'n, miskeeno'n aur ham-saayo'n par kharch karna. (Surah an-Nisa: 36)

② Sawaali aur mazoor logo'n par kharch karna. (Surah az-Zaariyaat: 10)

③ Qarz dena. (Surah al-Baqara: 28)

④ Zakat adaa karna. (Surah at-Tauba: 103)

⑤ Sadqaat adaa karna. (Surah al-Baqara: 271)

Mutazakkira-baala[1] ahkamaat ke alaawa Allah Ta'ala ne maal apne paas rokne aur jama karne ki bhi mumaaniat farmaai hai. (Surah at-Tauba: 34)

Aur saath hi israaf (fuzool-kharchi) aur bakheeli se bhi mana farma diya. (Surah al-Furqan: 67)

Iske saath-saath shariyat ne aise tamaam raasto'n par daulat kharch karne se sakhti se mana farma diya jisse aadmi ka apna akhlaaq tabaah-

[1] T: (مُتَذَكِّرَه بالا) Oopar bayan kiya gaya, jis ka zikr kiya gaya [RKT]

o-barbaad hota ya muaashare mein koi bigaad paida hota ho. Masalan sharaab, jooa, zina waghaera ye baat yaad rah eke ye hudood muqarrar karne ke baad shariyat ne shakhsi milkiyat par kisi qism ki paabandi ya hadd muqarrar nahi ki. Jaaiz aur halaal tariqa se koi shakhs karodo'n ka maalik ban jaae to us par koi eteraaz nahi hoga.

Daulat kamaane aur kharch karne ke ahkamaat ka sarsari jaaiza lene ke baad poore wusooq se ye baat kahi ja sakti hai ke islam ne muaashara mein har tabqe ke har fard ko poora-poora muaashi tahaffuz ataa kiya hai, aur haq-talfi-o-loot-khasoot ke tamaam raaste band kar diye hain.

Daulat kamane aur kharch karne ke tamaam ahkamaat ka alag-alag jaaiza lena yahan mumkin nahi, albatta daulat kharch karne ke baare mein ek (1) ahem-tareen hukm … wujoob-e-zakat … aur daulat kamaane ke baare mein ek (1) ahem-tareen hukm … hurmat-e-sood … ka mukhtasar jaaiza yahan pesh karna zaroori hai.

Guzishta daur-e-hukumat mein mulki satah par jis tarah ki 'horse-trading' ke waaqiaat akhbaraat mein aate rahe hain isse ye andaaza lagana mushkil nahi ke watan-e-aziz Pakistan mein ab saekdo'n nahi, balke hazaaro'n ki taadaad mein crorepati log maujood hain. Ek (1) shakhs jiske paas dus-crore (100,000,000) rupiye ho'n uski salaana zakat pachees-lakh (2,500,000) rupiye banti hai. Agar ek (1) shahr mein sirf ek (1) karodpati rehta ho jo imandaari se apni zakat adaa karta ho to chand saalo'n mein hi us shahr ke beshtar mohtaajo'n aur miskeeno'n ke muaashi masaail hal ho sakte hain aur agar Pakistan ke har shahr aur ilaaqe ke tamaam saahib-e-nisaab afraad apni-apni zakat adaa kare'n to koi wajah nahi ke har shahr aur ilaaqa muaashi lihaaz se khush-haal na ho. Ek (1) mohtaat andaaze ke mutaabiq Pakistan ki salaana zakat paanch-arab (5,000,000,000) rupiye banti hai.

Sirf ek (1) saal ki zakat se agar ausat darje ke makaan taameer kiye jaae'n to do-lakh (200,000) makaan taameer ho sakte hain. Itni hi raqm mein agar yateem aur be-sahaara baccho'n ki parwarish aur taaleem-o-tarbiyyat ka intizaam karna maqsood ho to saare mulk mein ek (1) saal ki zakat se teen-sau (300) aise maraakiz taameer kiye ja sakte hain jin mein ek-lakh-sattar-hazaar (170,000) baccho'n ki parwarish aur

taaleem-o-tarbiyyat ka intizaam ho sakta hai. Isse aap andaaza laga sakte hain ke agar mulk mein sahih tariqa se nizaam-e-zakat naafiz ho jaae to chand hi saalo'n ke andar poore mulk mein azeem muaashi inquilaab bapaa ho sakta hai. Zakat ke fuyooz-o-barakaat ka ek-doosre pehlu se bhi jaaiza leejiye.

Sirf ek (1) saal ki zakat paanch-arab (5,000,000,000) rupiye se jahan do-lakh (200,000) be-khanumaa[1] logo'n ko jo ghar mayassar aaenge aur ek-lakh-sattar-hazaar (170,000) baccho'n ki kafaalat hogi wahan do-lakh (200,000) makaano ki taameer ya teen-sau (300) maraakiz ki taameer ke liye paanch-arab (5,000,000,000) rupiye gardish mein aaega. Jiska kaseer hissa karigaro'n, mistariyo'n, mazdooro'n aur dukandaaro'n ke haatho'n mein jaaega jo baraah-e-raast aam aadmi ki khush-haali ka baais banega. Goya zakat ka hukm aisa kaseer ul fawaaid amal hai jo deen ki takmeel aur taqarrub-e-ilallah ke alaawa ek (1) aam aadmi se lekar poore mulk ki ijtimaai khush-haali ka zaamin hai. Yehi wajah hai ke zakat farz hone ke chand hi saal baad madina ki islami riyaasat mein is qadr khush-haali hogai thi ke zakat dene waale bahut the aur lene waala koi na tha.

Ab shariyat-e-islami ke doosre ahem hukm … hurmat-e-sood … ka jaaeza leejiye. Hamare yahan bank aur mukhtalif idaare ya companiya'n che-feesad (6%) se lekar dus-feesad (10%), bees (20) aur tees (30) feesad tak sood deti hain. Baaz scheme'n aisi bhi hain jin mein chaar (4), paanch (5) saal baad asal raqm dugni ho jaati hai. In sab se badh kar defence saving certificate ki scheme hai, jis mein dus (10) saal baad asal raqm 4.26 guna, yaane 426 feesad izaafa ke saath waapas ki jaati hai.

Yaad rahe chand saal qabl ye raqm 3.9 guna thi jo ab badha kar 4.26 kardi gai hai. Masalan ek (1) shakhs har maah dus-hazaar (10,000) rupiye dus (10) saal tak us scheme mein jama karwata hai to dus (10) saal baad ye shakhs har maah 42,600 rupiye wasool karega.

Ek (1) aur scheme 'Mahaana Aamdani Account' ke naam se bhi jaari ki gai hai. Jis mein agar koi shakhs paanch saal ke liye har maah dus-

---

[1] T:(بے خانُماں) Jiska ghar-baar sab barbaad ho gaya ho, be-watan, be-ghar, pareshan haal musaafir [RKT]

hazaar (10,000) rupiye (ya kam-o-besh jitne bhi chaahe) kam se kam raqm 100 rupiye jama karwata rahe to paanch (5) saal ke baad us shakhs ko ta-hayaat dus-hazaar (10,000) rupiye mahaana (ya jitni raqm wo paanch (5) saal tak har maah jama karwata rahe) milte rahenge.

Goya sarmayadaar ghar baethe kisi mehnat aur mashaqqat ke bagaher. Hazaaro'n se lakho'n aur lakho'n se karodo'n rupiye kama sakta hai, aese shakhs ko factory ya karkhaana waghaera laga kar mehnat ke alaawa nuqsaan ka khatra mol lene ki aakhir kya zaroorat hai.

Sochne ki baat ye hai ke sarmaya daar to mukhtalif companiyo'n ya schemo'n se badhta-chadhta sood wasool kar leta hai, lekin ye aata kahan se hai. Chote darje ke sanat-kaaro'n, mutwassit tabqa ke taajiro'n, chote zameendaaro'n, kisaano'n aur mazdooro'n ki jeb se, jin ki taadaad mulk ke andar bila-shubha karodo'n mein hai, ye log ek (1) dafa sood ke chakkar mein phanste hain to umr bhar nikal nahi paate.

Hakeem ul ummat Allama Iqbal رحمۃ اللہ علیہ ne isi haqiqiat ki taraf ishara kiya hai:

Zaahir mein tijaarat hai haqiqiat mein jooa hai
Sood ek (1) ka laakho'n ke liye marg-e-mufajaat[1]

Soodi nizaam ke zariye fard-e-waahid par jo zulm ho raha hai wo to hai hai. Lamha-bhar ke liye ghaur farmaae'n. Mulki maeeshat par ye soodi nizaam kitni badi laanat ban kar musallat hai. Sarmayadaar apna sarmaya banko'n ya mukhtalif schemo'n mein rakh kar sood dar sood kahta rehta hai. Sarmaya rakhne ki wajah se mulki paedawaar, karobaar aur tijaarat mein shadeed kami waaqe hoti hai.

Aur you'n bar-aamadaat mein kami aur dar-aamadaat mein izaafa hota chala jaata hai jo bil-aakhir mulk mein zar-mubaadala[2] ki kami aur kaseer ghair-mulki qarzo'n ka baais banta hai. In qarzo'n ki adaagi ke liye hukumat har saal taxo'n mein izaafa kar deti hai. Custom dutyaa'n badhti hain jiske natije mein ashiya-e-sarf ki qeemato'n mein be-panaah izaafa hota chala jaata hai. Aur is tarah aam aadmi jo ba-

---

[1] T: (مُفاجات) Achaanak, jo achaanak ho, unexpected, sudden [RKT]

[2] T: (زَرِ مُبادَلَه) Wo raqm jo baerooni maal waghaera ke badle qaabil-e-adaaigi ho, foreign exchange [RKT]

raah-e-raast sood mein mulawwis nahi hota. Soodi nizaam ki wajah se wo bhi ba-mushkil jism-o-jaan ka rishta qaayam rakh paata hai. Shariyat ne sood ki us darja waeed bila-wajah to nahi bataai.

Quran-e-Majeed Mein Ise Allah Ta'ala Aur Rasool Allah ﷺ Ke Khilaaf Elaan-e-Jung Qaraar Diya Gaya Hai. (Surah al-Baqara: 279)

Rasool-e-Akram ﷺ ka irshad-e-Mubarak hai: "*Sood ke sattar (70) darje hain un mein se kamtar darja'n maa se zina karne ke barabar hai*". (Ibne Majah)

Meraj ki raat Rasool Allah ﷺ ne baaz logo'n ko dekha jin ke pet makaano'n ki tarah (bade-bade) the aur un mein saanp hi saanp bhare hue the. Aap ﷺ ke poochne par Hazrat Jibraeel عليه السلام ne bataya ke ye sood khaane waale log hain. (Musnad Ahmad; Ibne Majah)

Haqiqat ye hai ke Allah Ta'ala ke banaae hue qanoon mein wujoob-e-zakat aur hurmat-e-sood dono hukm poori bani-noo-e-insaan ke liye barkat hi barkat aur khair hi khair hain, lekin almiya[1] ye hai ke aaj jab poori noo-e-insaani sarmayadaraana nizaam-e-maeeshat se maayoos aur ishtiraaki nizaam maeeshat se baghawat kar chuki hai aur nahi jaanti ke kya kare kidhar jaae, islami nizaam maeeshat ke alambardaar, jinhe'n is waqt poori duniya ki rehnumaai ka fariza sar-anjaam dena chaahiye tha khud baatil nizaamo'n ki fareb-kaariyo'n ke jaal mein phanse hue hain.

Maangte phirte hain aghyaar se mitti ke chiraagh
Apne khursheed pe phaela diye saae ham ne

Mustaqbil mein jab bhi kabhi musalmano ko jandaar qiyaadat mayassar aagai jo islami nizaam hayaat ko uski haqiqi shakl mein mutaaraf karwa saki to hame'n yaqeen-e-kaamil hai ke jabr-o-zulm, jhoot-o-fareb aur khud-gharzi ki sataai hui duniya adl-o-insaaf, aman-o-sukoon aur hurriyat-o-akhuwwat ke is aasmaani nizaam ko azmaane mein in sha Allah lamha bhar ka taammul nahi karegi.

Qaraeen-e-kiraam! Zakat ke masaail bila-shubha bahut daqeeq aur

[1] T: (اَلَمِیه) Almnaak, dard bhara, dardnaak waaqia, ghamgeen haadsa [RKT]

ameeq[1] hain isi liye ham ne ziyaada se ziyaada ulama-e-kiraam se istifaada ki koshish ki hai. Taaham ahle ilm hazraat ki aara aur mashwaro'n ka hame'n intizaar rahega.

Ham ne koshish ki hai ke ahadees-e-sahiha ke hawaale se qadeem aur jadeed qism ke tamaam masaail shaamil ishaa-at ho'n taake is maamle mein awaam-un-naas ki ziyaada se ziyaada rehnumaai ho sake. Ham apni koshish mein kahan tak kamyaab hue hain, iska andaaza qaaraeen-e-kiraam hi laga sakte hain.

Qaraeen-e-Kiraam! Silsila-e-ashaa-at hadees se hamare pesh-e-nazar darj-e-zel maqaasid hain.

① Hadees-e-Rasool ﷺ se log isi tarah ka taalluq mehsoos kare'n jaisa kitabullah ke saath mehsoos karte hain.

② Deeni masaail seekhne samajhne ke liye logo'n mein sirf kitabullah aur sunnat-e-Rasool ﷺ se istifaada[2] karne ka rujhaan paeda ho.

③ Kitabullah aur Sunnat-e-Rasool ﷺ se saabit na hone waale masaail ko bila-taammul tark karne ki soch aam ho.

Aap is haqiqat se yaqinan ittifaaq karenge ke ab tak jis qadr aam-fahm, aasaan aur awaami-andaaz mein kitabullah par mukhtalif pehluo'n se kaam ho chuka hai ya ho raha hai is qadr hadees-e-Rasool ﷺ par kaam nahi hua. Lihaaza us haqiqat ko pesh-e-nazar rakhte hue aqaaid, ahkaam, masaail, manaaqib[3] aur tafseer waghaera se mutaalliq sahih ahadees par mushtamil kitaabche in sha Allah yeke-baad-deegare[4] taba karwane ka mansuba banaya gaya hai, ab tak is silsila mein jo kaam ho chuka hai uski tafseel aap ke haath mein hai. Wo hazraat jo mutazakkara-baala maqaasid se ittifaaq rakhte hain unse ham darkhwaast karte hain ke wo ishaa-at-e-hadees ki jaddo-jahad ko apni jaddo-jahad samjhe'n aur is silsila mein jo bhi khidmat sar-anjaam de sakte ho'n khud aage badh kar sar-anjaam de'n. Hamare nazdeek sabse badi khidmat yehi hai ke in kutub ko ziyaada se ziyaada haatho'n tak

---

[1] T: (عَمِيق) Gehra [RKT] T: (دَقِيق) Pecheeda, mushkil, dushwaar [RKT]
[2] T: (اِسْتِفادَه) Nafa paana, faaeda uthaana [RKT]
[3] T: (مَناقِب) Ausaaf-e-hamida, taareef-o-tauseef, madh-o-sana [RKT]
[4] T: Lagataar, ek ke baad doosra [RKT]

pohonchaya jaae.

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ.

Allah Ta'ala jise chaahta hai (apne kaam ke liye) chun leta hai, aur apni taraf aane ka raasta usi ki dikhata hai jo uski taraf ruju kare. (Surah ash-Shoora: 13)

Waajib ul ehteraam ulama ikraam ne apni shadeed guna-goo'n masrufiyaat ke bawujood deeni fariza samajhte hue musawwada ki nazr-e-saani farmaai aur badi mehnat aur arq-rezi se musawwada par intihaai qeemti note tehreer farmae. Idaara un tamaam hazraat ke ta-aawoon[1] ka tahe-dil se shukr-guzaar hai aur dua-go hai ke Allah Kareem un tamaam hazraat ko duniya-o-aakhirat mein apne behtareen inamaat se nawaaze. Aameen!

